عبدالقیوم حقانی
مفتی غلام الرحمٰن



تعارف وتبصرۂ کتب

الامام الترمذی وتخریج کتاب الطہارۃ من جامعہ تالیف۔ جناب ڈاکٹر محمد حبیب اللہ مختار۔ ناشر۔ مکتبہ بنوریہ علامہ محمد یوسف بنوری ٹاؤن۔ کراچی ۵

جامعۃ العلوم الاسلامیہ کراچی ملک کی عظیم دینی درسگاہ اور ایک مرکزی دینی ادارہ ہے۔ اپنے عظیم بانی محدث العصر حضرت مولانا محمد یوسف بنوریؒ کے خلوص وللہیت کی برکتوں سے بہت قلیل مدت میں اس ادارہ نے تعلیم وتدریس۔ تبلیغ واشاعت اور ریسرچ وتحقیق کے شعبوں میں نمایاں کارنامے انجام دئے ہیں۔

محدث بنوری کی معرکۃ الآراء شرح ترمذی" معارف السنن" کے بعد پیش نظر کتاب "کشف النقاب عما یقولہ الترمذی وفی الباب" اپنے موضوع پر جامع اور علم الحدیث کا حیرت انگیز دائرۃ المعارف ثابت ہوں گے۔ دونوں تالیفات فرصت طلب، طویل اور صبر آزما ہیں جن پر جامعہ کے نائب رئیس اور حضرت بنوری کے تلمیذ خاص جناب ڈاکٹر حبیب اللہ مختار بڑی توجہ اور انہماک سے کام کررہے ہیں۔ "الامام الترمذی وتخریج کتاب الطہارۃ من جامعہ"۔ جناب حبیب اللہ مختار کا وہ گراں قدر مقالہ ہے جو انہوں نے حضرت بنوری کی نگرانی ورہنمائی میں جامعہ کراچی میں پی ایچ ڈی کے لئے مرتب فرمایا تھا جس میں انہوں نے ترمذی کی کتاب الطہارۃ کی تخریج کو موضوع بنایا۔ یہ مقالہ ایک مقدمہ تین ابواب اور ایک خاتمہ پر منقسم ہے۔ باب اول میں امام ترمذی کی شخصیت، علمی مقام ومرتبہ، دوسرے باب میں کتاب کے مشمولات وتعداد ابواب، جامع ترمذی کے امتیازی خصوصیات، روایت اور راویوں کی تفصیل امام ترمذی کا طرز عمل۔ اور دفاع منفرد اصطلاحات۔ تیسرے باب میں کتاب الطہارت کے ابواب کی تخریج جو کتاب کا اصل موضوع ہے پر مفصل کام کیا ہے۔ ابواب کی ذیلی فصلوں میں مؤلف نے بتایا ہے کہ یہ حدیث فلاں فلاں کتاب میں ہے۔ یا ان مرفوع احادیث کی تخریج کی ہے۔ جو اس موضوع پہ کتب حدیث میں موجود ہیں۔ امام ترمذی نے ان کی طرف اشارہ نہیں کیا۔ خاتمہ کے جدول سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ کتاب الطہارت میں سے ہر باب میں امام ترمذی نے کتنی احادیث کی تخریج کی ہے۔ وفی الباب سے ان کی طرف اشارہ کیا ہے۔ مؤلف نے کتنا اضافہ کیا اور ہر باب میں مرفوع، مرسل اور آثار کی تعداد کتنی کتنی ہے۔ بہر حال ریسرچ وتحقیق اور علمی ودینی حلقوں میں جناب ڈاکٹر حبیب اللہ مختار کا ۰۰، صفحات کا یہ عظیم شاہکار بڑی وقعت اور قدر کی نظر سے دیکھا جائے گا۔

(عبدالقیوم حقانی)

ازواج مطہرات قرآن کی روشنی میں نام کتاب۔ "ازواج مطہرات قرآن کی روشنی میں"۔ تالیف ابو خالد عبدالرشید